نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت پنجاب حسین جہانیاں گردیزی نے بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی میں قائم پریسین ایگریکلچر سینٹر کا افتتاح کر دیا۔

پریسین ایگریکلچر سینٹر کے قیام سے کاشتکاروں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی کے حصول میں مدد ملے گی جس سے پیداواری اہداف کو حاصل کیا جا سکے گا۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور 24 ستمبر 2022: پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی میں قائم پریسین ایگریکلچر سینٹر سے جدید زرعی ٹیکنالوجی ٹرانسفر میں مدد ملے گی اور ماڈرن آئی ٹی کے استعمال سے ہماری پیداوار میں اضافہ ہوگا ان خیالات کا اظہار سید حسین جہانیاں گردیزی وزیر زراعت پنجاب نے پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی میں قائم پریسین ایگریکلچر سینٹر کے افتتاح کے موقع پر کیا۔اس سینٹر کے قیام کا مقصد ملکی سطح پر ڈیجیٹل اور پریسین ایگریکلچر کو فروغ دینا ہے تاکہ کاشتکاروں کو ریئل ٹائم میں اپنی فصلوں کی ضروریات سے آگاہی پیدا ہوگی۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے پاکستان کو بہت زیادہ نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور اس سینٹر کا قیام اس صورت میں موثر ثابت ہوگا جس سے جدید زرعی ٹیکنالوجی کو کاشتکاروں تک پہنچانا جا سکے۔انھوں نے یونیورسٹی کے وائس چانسلرز سے کہا کہ ان جیسے فارمز تک کاشتکاروں کی رسائی آسان بنائی جائے تاکہ پاکستان میں ڈیجیٹل ایگریکلچر اور پریسین ایگریکلچر کو عام کیا جا سکے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ جدید زرعی ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل زراعت کو فروغ دینے سے پاکستان نہ صرف زرعی پیداوار میں خود کفیل ہو سکتا ہے بلکہ زرعی پیداوار کی برآمدات کا خواب بھی شرمندہ تعبیر ہو سکتا ہے۔انہوں نے اس سینٹر کے انعقاد پر پیر مہر علی شاہ ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی کو مبارکباد دیتے ہوئے اس کے ڈیٹا کو بیک اینڈ پر روزانہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ کرنے پر زور دیا۔اس موقع پر صوبائی وزیر نے پیر مہر علی شاہ زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کے وائس چانسلر ڈاکٹر قمر الزمان کو کہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی میں سب سے پہلے جدید ڈیجیٹل اور پریسین زراعت کو متعارف کروانے پر مبارکباد پیش کی۔صوبائی وزیر نے پریسین ایگریکلچر کیلئے فنڈ مختص کرنے کا عندیہ بھی دیا۔بعد ازاں صوبائی وزیر نے کونٹ ضلع چکوال میں سمارٹ فارم کے دورہ پر سمارٹ سپرے، ڈرون ٹیکنالوجی کے استعمال اور دوسری پریسین فارمنگ کا جائزہ بھی لیا۔اس موقع پر وائس چانسلر بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی قمر الزمان، وائس چانسلر جامعہ زرعیہ فیصل آباد ڈاکٹر اقرار احمد خان، زرعی سائنسدانوں اور ترقی پسند کاشتکاروں کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔

☆☆☆☆